© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب و روز

## حضرت مولانا انوار الحق صاحب کی دعوت پر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے ریکٹر جسٹس خلیل الرحمان صاحب کی آمد:

گزشتہ دنوں دارالعلوم میں ریٹائرڈ جسٹس خلیل الرحمان صاحب ریکٹر اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد' اپنے رفقاء سمیت دارالعلوم تشریف لائے اور دارالعلوم کے دارالحدیث (ایوان شریعت) میں ایک عام خطاب فرمایا۔ اس سے پہلے حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب نے تعارفی کلمات کہے۔ بعد میں آپ نے جدید علوم وفنون اور اسلامی تعلیمات کی اہمیت کے موضوع پر طلباء سے خطاب فرمایا اسی طرح آپ نے دارالعلوم کے مختلف شعبوں کا بھی معائنہ فرمایا اور خصوصاً کمپیوٹر کلاسوں' انگلش لینگویج کورس اور دیگر جدید شعبوں میں اپنی دلچسپی کا اظہار کیا۔

## جامعہ اسلامیہ بنوری ٹاؤن کے مہتمم حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق سکندر صاحب کی دارالعلوم آمد:

گزشتہ دنوں جامعہ اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے مہتمم صاحب حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرازق سکندر صاحب اپنے رفقاء سمیت دارالعلوم تشریف لائے اور یہاں پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ' حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور مدیر الحق کے ساتھ ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسی طرح دارالعلوم میں 30 مئی کو بنوری ٹاؤن کے استاذ حدیث اور دارالافتاء کے رئیس حضرت مولانا مفتی نظام الدین شامزئی صاحب مدظلہ بھی دارالعلوم تشریف لائے اور یہاں پر حضرات مہتممین صاحبان سے تفصیلی ملاقات کی۔ اور عالم اسلام بالخصوص پاکستان کی موجودہ خطرناک صورتحال کے بارے میں تبادلہ خیال کے ساتھ ساتھ اس غیر یقینی حالت پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ اس موقع پر دفتر اہتمام میں دارالعلوم کے استاذ حدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ اور دیگر اساتذہ بھی موجود تھے۔ آپ کے ہمراہ بنوری ٹاؤن کے اساتذہ کرام حضرت مولانا عطاء الرحمان صاحب مدظلہ اور حضرت مولانا امداداللہ صاحب مدظلہ بھی تشریف لائے تھے۔

## حضرت نائب مہتمم صاحب کا دورہ آزاد کشمیر:

۶ مئی کو حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ ناظم وفاق المدارس نے دارالعلوم اسلامیہ مظفرآباد آزاد کشمیر کے مسئول قاضی محمود الحسن اشرف کی دعوت پر آزاد کشمیر کے وفاق سے ملحق مدارس کی مجلس عمومی کے اجلاس میں شرکت کی اور خطاب بھی فرمایا۔

© rasailojaraid.com